سوال

اگر میرا خاوند میرے بھائی کو کہے " تیری بہن کو طلاق " تو کیا طلاق واقع ہو جائیگی ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

اگر خاوند اپنے سالے یعنی بیوی کے بھائی کو کہے : تیری بہن کو طلاق اور اس سے وہ اپنی بیوی مراد لے رہا ہو تو جیسے اس نے کہا ویسا ہی ہو گا

بالکل اسی طرح جیسے کوئی کہے : میری عورت کو طلاق یا میری بیوی کو طلاق تو طلاق واقع ہو جائیگی، کیونکہ طلاق کے لیے شرط نہیں کہ طلاق بیوی کے سامنے ہی دی جائے، یا بیوی کو سنایا جائے

مزید آپ سوال نمبر (31778) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں

یہاں طلاق ہو جائیگی، اور یہ ایک طلاق ہوگی چنانچہ خاوند کو حق حاصل ہے کہ عدت کے اندر اندر بیوی سے رجوع کر لے، لیکن شرط یہ ہے اگر یہ طلاق پہلی یا دوسری تھی

واللہ اعلم .

الاسلام سوال وجواب

103933